## سوال

(304) طہر کے بعد نمازوں کی قضا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں صبح نماز فجر کےلیے جاگی، مگر سورج نکلنے کے بعد۔ ۔ اور میں نے خون دیکھا تو کیا طہر کے بعد مجھے اس نماز کی قضا دینا ہوگی یا نہیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں!اس کے ذمے ہے کہ طہر شروع ہونے پر فجر کی یہ نماز بطور قضا ادا کرے۔ کیونکہ اصل معاملہ خون نہ آنا ہے، جب خون نہیں تھا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس نے نماز کا وقت اس وقت پایا جب وہ حیض سے نہ تھی۔ مگر مجھے افسوس ہے کہ یہ خاتون نماز فجر کےلیے سورج نکلنے کے بعد بیدار ہوئی۔ انسان کو انتہائی محتاط رہنا چاہیئے اور ایسے لازمی وسائل اختیار کرنے چاہئیں کہ بروقت جاگ کر نماز پڑھ سکے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 264**

**محدث فتویٰ**